

مجالسُ المؤمنین

تالیف:
شہیدِ ثالث علامہ قاضی نوراللہ شوستری

۱۴ چودہ معصومین علیہم السلام

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	مجالس المومنین
تالیف	:	شہید ثالث علامہ قاضی نور اللہ شوستریؒ
مترجم	:	محمد حسن جعفری
نظر ثانی	:	اکبر ابن حسن
ناشر	:	اکبر حسین جیوانی ٹرسٹ، کراچی
تعداد	:	پانچ سو
طبع	:	اول
ہدیہ	:	-/300 روپے

ISBN-964-481-040-6

ملنے کا پتہ

رحمت اللہ بک ایجنسی کاغذی بازار، کھارادر، کراچی 74000

فون نمبر: 2431577

جیسا کہ ارشاد ربانی ہے۔

وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیه فلن یضر الله شیئا وسیجزی الله الشاکرین۔ (آل عمران-۱۴۴)

اور محمدؐ تو صرف ایک رسول ہیں ان سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے ہیں۔ کیا اگر وہ مر جائیں یا قتل ہو جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے تو جو بھی ایسا کرے گا وہ خدا کا کوئی نقصان نہیں کرے گا اور خدا تو عنقریب شکر گزاروں کو ان کی جزا دے گا۔

علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کی تشبیہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دی ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔

انا ارسلنا الیکم رسولا شاهدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا۔ (المزمل-۱۵)

بے شک ہم نے تم لوگوں کی طرف تمہارا گواہ بنا کر ایک رسول بھیجا ہے جس طرح فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو مثل موسیٰ قرار دیا اور حبیب خداؐ نے حضرت علیؑ کو مثل ہارون قرار دیا اور ارشاد فرمایا۔

اما ترضی یا علی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبی بعدی"

اے علیؑ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تمہیں مجھ سے وہی نسبت حاصل ہو جو ہارون کو موسیٰ سے حاصل تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

اور اب ملاحظہ فرمائیں کہ تاریخی تسلسل اور عقل و دانش امت موسیٰ کے لئے کیا فیصلہ کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیان فرمایا۔

جب موسیٰ علیہ السلام تورات لینے کوہ طور پر تشریف لے گئے اور انہوں نے اپنے بھائی

*

مجالس المومنین